Institute of Social and Policy Sciences (I-SAPS)
*Informing Policies, Reforming Practices*

# ضلع لکی کی تعلیمی صورتحال

## سکور کارڈ








تعلیم اور عوامی رہنماؤں کی ذمہ داری



تعلیم تک رسائی کا حق



معیاری تعلیم کا حق

# ضلع لکی : تعلیمی صورتحال

انسٹی ٹیوٹ آف سوشل اینڈ پالیسی سائنسز بطورِ ادارہ یہ رائے رکھتا ہے اگر حکومت ، سرکاری افسران سیاہی قیادت اور ماہرین تعلیم کے درمیان ایک مضبوط رابطہ اور تعاون پیدا ہو جائے تو ملک میں بہتر تعلیمی اصطلاحات کا نفاذ ممکن ہو سکتا ہے۔ چونکہ حکومت، تعلیمی محکمہ جات اور ان کے سربراہان، سیاہی قیادت اور سیاہی جماعتیں نہ صرف تعلیمی پالیسی بنانے کی ذمہ دار ہیں بلکہ اس پالیسی کو کامیابی کے ساتھ لاگو کروانے میں بھی ان کا اہم کردار ہے اس لئے ضروری ہے کہ ان تمام ذمہ داران کی شراکت معنی خیز اور مثبت نتائج کی حامل ہو۔ حکومتی اداروں، تعلیمی ماہرین اور عوامی نمائندوں کی حمایت اور دلچسپی کے بغیر تمام بچوں کی تعلیم تک رسائی اور اُن کو معیاری تعلیم مہیا کرنے کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا۔

تعلیم کے متعلق قانون سازی اور اس کے موثر نفاذ کے لئے حکومتی اراکتین اور تعلیمی ماہرین کے ساتھ ساتھ سیاسی قیادت اور عوامی نمائندگان پر بھی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ ضلعی سطح پر تعلیمی بہتری کے لئے بھرپور کردار ادا کریں۔ عوامی نمائندگان،سیاہی جماعتوں کے اراکین اپنی جماعت کے قائدین، اعلی سطح کے عہدیداران اور پارٹی کارکنوں کو بھی اس کی اہمیت بیان کر سکتے ہیں۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ اگر والدین، عام شہری (مقامی کمیونٹی) اپنے ضلع کے تعلیمی افسران/ سربراہان، سیاہی قیادت اور عوامی نمائندوں کے ساتھ مل کر تعلیمی مسائل کے حل کیلئے کوشاں رہیں تو یقینا تعلیمی پالیسی سازی، اس کے نفاذ اور تعلیمی عمل میں بہتری آ سکتی ہے۔ جس سے تمام بچوں کی تعلیم تک رسائی اور معیاری تعلیم کی فراہمی کو ممکن بنایا جا سکتا ہے اس تناظر میں یہ ضروری ہے کہ ضلع کی تعلیمی صورت حال کے بارے میں والدین ،مقامی شہریوں،عوام اور عوامی نمائندگان کو بہتر طور پر آگاہ کیا جائے۔اس مقصد کیلئے انسٹی ٹیوٹ آف سوشل اینڈ پالیسی سائنسز نے بہت سی تحقیقی دستاویزات ترتیب دی ہیں جن میں ضلعی تعلیمی پلان،اضلاع کی تعلیمی لحاظ سے درجہ بندی اور تعلیمی صورت حال پر مبنی یہ رپورٹ کارڈ شامل ہیں۔ یہ معلوماتی کتابچہ ضلع کی تعلیمی صورتحال کے بارے میں معلومات و اعداد شمار فراہم کرتا ہے تاکہ ان معلومات کو مقامی شہری، والدین، عوام الناس اور عوامی نمائندگان ضلع میں تعلیمی صورتحال کی بہتری کیلئے استعمال کر سکیں۔




نقشہ ضلع لکی

| | |
|---|---|
| ضلع میں گورنمنٹ سکولوں کی تعداد: | 1080 |
| اساتذہ کی تعداد : | 5175 |
| داخل شدہ بچوں کی تعداد: | 164830 |

اگر ہم ضلع کی تعلیمی حالت کا جائزہ لیں تو وہ کچھ اس طرح ہے۔

## سکولوں میں دستیاب سہولیات

ضلع میں موجود سرکاری سکولوں میں بہت سی سہولتیں دستیاب ہیں جو کہ خوش آئند ہیں مگر موجود سہولتوں کی حالت بھی ارباب اختیار سے توجہ چاہتی ہے۔اسی طرح چند سکول بنیادی سہولتوں سے محروم ہیں۔اس صورتحال کی ذمہ داری بطور شہری ہم سب پر بھی ہے۔اگر ارباب اختیار اور شہری اپنے فرائض کو بخوبی سمجھیں تو حلقہ میں بنیادی سہولیات کی صورتحال مزید بہتر ہو سکتی ہے۔

### پینے کا پانی



پینے کے پانی سے محروم سکولوں کی تعداد

38

ضلع میں 38 سکول ایسے ہیں جہاں پانی کی سہولت موجود نہیں ہے۔یہ سکول عوامی نمائندگان اور محکمہ تعلیم کی توجہ کا متقاضی ہے۔

### بیت الخلاء کی سہولت



بیت الخلاء کے بغیر سکولوں کی تعداد

42

اس ضلع میں 42 اسکول ایسے ہیں جہاں بیت الخلاء کی سہولت موجود نہیں ہے۔

## چار دیواری



بغیر چار دیواری کے سکولوں کی تعداد

27

ضلع میں چار دیواری کے بغیر سکولوں کی تعداد 27 ہے۔سکولوں کی چار دیواری اور خاص طور پر لڑکیوں کے سکولوں کی چار دیواری انتہائی اہم ہے۔ ضلع کے کچھ سکول اس بنیادی سہولت سے محروم ہیں اور ارباب اختیار (عوامی نمائندگان) کی توجہ کے طالب ہیں۔

## بجلی کی سہولت



بجلی کی سہولت سے محروم سکولوں کی تعداد


48

ضلع میں 48 سکول ایسے ہیں جو بجلی کی سہولت سے محروم ہیں۔ان سکولوں کے طلباء سخت گرمی میں بغیر بجلی کی سہولت کے پڑھتے ہیں، جس سے ان کے سیکھنے کے عمل میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہے اور مطلوبہ نتائج حاصل نہیں ہوتے۔

## تعلیمی معیار

ضلع کی تعلیمی صورتحال کا جائزہ لیں تو یہ بات سامنے آتی ہے کہ تعلیمی معیار انتہائی نیچے ہے، اور اسے بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔ یہ بات بھی عوامی نمائندگان اور ارباب اختیار کے لیے توجہ طلب ہے۔ یہ صورتحال اس بات کا تقاضا کرتی ہے کہ عوامی نمائندے اور محکمہ تعلیم کے متعلقین فوری عملی اقدامات کریں۔

تیسری کلاس کے
85 فیصد بچے اردو
کا ایک جملہ بھی
نہیں پڑھ سکتے۔




85 فیصد بچے

**اردو:** ضلع میں دی جانے والے تعلیم کا معیار اتنا قابلِ فخر نہیں ہے۔ تیسری کلاس کے 85 فیصد بچے اردو کا ایک جملہ بھی نہیں پڑھ سکتے۔

تیسری کلاس کے
25 فیصد بچے
انگریزی کا ایک
لفظ بھی نہیں پڑھ
سکتے۔



25 فیصد بچے

**انگریزی:** انگریزی مضمون میں بھی صورتحال اس سے مختلف نہیں ہے۔ تیسری کلاس کے 25 فیصد بچے انگریزی کا ایک لفظ بھی نہیں پڑھ سکتے۔

تیسری کلاس کے
88 فیصد بچے
تفریق کا ایک
سوال بھی حل نہیں
کر سکتے۔



88 فیصد بچے

**ریاضی:** ریاضی کے مضمون میں بھی بچوں کی تعلیمی حالت نہایت مایوس کن ہے۔ تیسری کلاس کے 88 فیصد بچے تفریق کا ایک سوال بھی حل نہیں کر سکتے۔

## ضلع کا تعلیمی بجٹ

ضلع کا بجٹ کچھ اس طرح ہے:




ضلع کا تعلیمی
بجٹ
4ارب 30 کروڑ
روپے












22-2021ء میں ضلع کا تعلیمی بجٹ 4.3 بلین روپے رکھا گیا جو فقط جاریہ اخراجات کی مد میں استعمال ہوا۔اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ترقیاتی کام جیسا کہ نئے سکولوں کی تعمیر، سکولوں میں نئے کمروں کی تعمیر، اپ گریڈیشن، بنیادی سہولتوں کی فراہمی اور سکول عمارت کی مرمت وغیرہ کے لیے وسائل صوبائی تعلیمی بجٹ سے استعمال کیے گئے۔شہریوں کے مطابق شعبہء تعلیم کی ترقیاتی ضروریات کے حوالے سے ضلع کی سطح پر بھی وسائل مختص کرنا ہوں گے تا کہ ان سے فوری طور پر درکار بنیادی سہولتیں اور دوسری اہم ضروریات پوری کی جاسکیں۔ جاریہ بجٹ میں نان سیلری کے لیے مختص کردہ وسائل بھی موزوں نہیں۔

## سرکاری سکولوں میں طلباء اور اساتذہ کا تناسب

درج ذیل میں دیئے گئے گراف ضلع میں طلباء اساتذہ تناسب کو ظاہر کرتے ہیں۔ ان گراف میں دیئے گئے اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ ضلع کے کچھ سکولوں میں طلباء اساتذہ تناسب بہتر کرنے کی ضرورت ہے تا کہ انسانی وسائل کے استعمال کو مناسب اور موزوں بنایا جا سکے۔ عوامی رہنماء اور ارباب اختیار کو چاہیے کہ اس مسئلہ کے حل کیلئے اپنی ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے بھرپور کوششیں کریں۔

گراف نمبر 1: ضلع میں طلباء اور اساتذہ کا تناسب





درج بالا گراف کے مطابق اس ضلع میں 215 ایسے سکول ہیں جہاں 20 یا اس سے کم بچوں کیلئے ایک استاد متعین کیا گیا ہے جو کہ وسائل کے ضیاع کے مترادف ہے جسے موزوں (Rationalize) بنانے کی ضرورت ہے۔ جبکہ 283 سکول ایسے ہیں جہاں 50 سے 100 بچوں کیلئے ایک استاذ اور 20 سکول ایسے ہیں جہاں 100 سے زائد بچوں کو پڑھانے کیلئے ایک استاد مقرر کیا گیا ہے جو کہ مقرر شدہ معیار سے بہت زیادہ ہے۔ اوپر دیئے گئے اعداد و شمار ارباب اختیار کیلئے توجہ طلب ہیں کہ طلباء و اساتذہ کے تناسب کو موزوں بنایا جائے اور حکومت پنجاب کے مقرر کردہ معیار (40 طلباء کیلئے ایک استاد ہے) کے مطابق کیا جائے تا کہ طلباء کو مناسب وقت اور توجہ دی جا سکے اور تعلیمی معیار میں بہتری ممکن ہو سکے۔

گراف نمبر 2: ضلع میں طلبا اور اساتذہ کا تناسب




گراف نمبر 2 کے مطابق 4 ایسے سکول ہیں جہاں طلباء اساتذہ تناسب 100:1 سے بھی زیادہ ہے۔ سب سے زیادہ تناسب گورنمنٹ پرائمری سکول خان افضل تختی خیل کے لیے ریکارڈ کیا گیا ہے جہاں 330 طلباء کیلئے 1 استاد موجود ہیں۔ گورنمنٹ پرائمری سکول وانڈہ کٹانہ میں طلباء اساتذہ تناسب 238:1 ہے جبکہ گورنمنٹ پرائمری سکول دولت خیل نمبر 1 میں 181 طلباء کے لیے محض ایک استاد موجود ہے۔ سب سے کم تناسب گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول تجوڑی نمبر ۲ کے لیے ریکارڈ کیا گیا ہے جہاں 180 طلباء کیلئے 1 استاد موجود ہیں۔

گراف نمبر 3: طلبا اور اساتذہ کا تناسب





گراف نمبر 3 کے مطابق 1 ایسا سکول ہیں جہاں طلباء اساتذہ تناسب 2:1 سے بھی کم ہے۔ سب سے کم تناسب گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بھرتِ خِل لنڈیوہ کے لیے ریکارڈ کیا گیا ہے جہاں 2 طلباء کیلئے 1 استاد موجود ہیں۔ گورنمنٹ گرلز مڈل سکول ورنڈہ خترہ میں طلباء اساتذہ تناسب 2:1 ہے۔ گورنمنٹ گرلز مڈل سکول حرامہ تالہ میں طلباء اساتذہ تناسب 2:1 ہے۔ جبکہ گورنمنٹ گرلز مڈل سکول فیروز سلیمان خیل میں طلباء اساتذہ تناسب 2:1 ہے۔

یہ تمام صورتحال اس بات کی غماز ہے کہ ضلع میں طلباء اور اساتذہ کا توازن موزوں بنانے کی ضرورت ہے۔ عوامی نمائندے، مقامی کمیونٹی، مقامی سیاسی قیادت اور دیگر با اثر شخصیات کو چاہیے کہ اس سلسلے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں اور اس تحقیق کے نتیجے میں سامنے آنے والے اس مسئلے کو ممکنہ حد تک حل کرنے کی کوشش کریں۔

## سرکاری سکولوں میں طلباء وکمرۂ جماعت تناسب

درج ذیل میں دیئے گئے تینوں گراف ضلع میں طلباء کمرۂ جماعت تناسب کو ظاہر کرتے ہیں۔ان گراف میں دیئے گئے اعداد وشمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ حلقہ کے سکولوں میں اس تناسب کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے تا کہ طلباء وطالبات کو مناسب توجہ مل سکے اور تعلیمی معیار کو بہتر بنایا جا سکے۔ضلعی افسران اختیار کو چاہیے کہ اس مسئلہ کے حل کیلئے اپنی ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے بھرپور کوششیں کریں۔


**گراف نمبر4:** ضلع میں طلباء اور کمرۂ جماعت کا تناسب




سکولوں کی تعداد

گراف نمبر 1 میں اعداد وشمار کے مطابق 280 سکول ایسے ہیں جہاں طلباء وکمرہ جماعت تناسب 50 اور 100 کے درمیان ہے اور 28 ایسے سکول بھی ہیں جن میں یہ تناسب 100:1 سے زائد ہے۔یعنی کہ 100 یا اس سے زائد طلباء کیلئے ایک کمرۂ جماعت ہے۔**سرکاری افسران اربابِ اختیار اور اعلی حکام اور** عوامی نمائندگان کو چاہیے کہ اوپر دیئے گئے اعداد وشمار کو سامنے رکھتے ہوئے جن سکولوں میں طلباء وکمرۂ جماعت تناسب مقرر کردہ معیار (40:1) یعنی 40 طلباء کیلئے ایک کمرۂ جماعت سے زیادہ ہے' ان سکولوں میں مزید نئے کمرۂ جماعت تعمیر کروائے جائیں تا کہ طلباء با آسانی تعلیم کے زیور سے آراستہ ہوسکیں۔

**گراف نمبر5: ضلع میں طلباء اور کمرۂ جماعت کا تناسب**




گراف نمبر5 کے مطابق 5 ایسے سکول ہیں جہاں طلباء کمرۂ جماعت تناسب 100:1 سے بھی زیادہ ہے۔سب سے زیادہ تناسب گورنمنٹ گورنمنٹ ہائی سکول تپ تختی خیل کا ہے جہاں 244 طلباء کیلئے صرف 1 کمرۂ جماعت ہیں۔گورنمنٹ پرائمری سکول ونڈا نصیب آباد میں طلباء کمرۂ جماعت تناسب 218:1 ہے۔ جبکہ گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول غزنی خیل نمبرا میں 208 طلباء کیلئے صرف 1 کمرۂ جماعت موجود ہیں۔گورنمنٹ مڈل پرائمری سکول خان افضل تختی خیل میں طلباء کمرۂ جماعت تناسب 165:1 ہے۔جبکہ گورنمنٹ پرائمری سکول ونڈا زرخان میں 153 طلباء کیلئے صرف 1 کمرۂ جماعت موجود ہیں جو کہ اعلیٰ حکام کی خصوصی توجہ کے متقاضی ہیں۔

# ضمیمہ جات

| EMIS کوڈ | SCHOOL NAME |
|---|---|
| 32941 | گورمنٹ مکتب پرائمری سکول احمد جان بچگزئی |
| 25746 | گورمنٹ مکتب پرائمری سکول آزاد بخت سولانا خان |
| 25745 | گورمنٹ مکتب پرائمری سکول صورت خان ابان خیل |
| 25767 | گورمنٹ مکتب پرائمری سکول عزیزالرحمان خیروخیل پکہ |
| 25776 | گورمنٹ مکتب پرائمری سکول موسم آباد ازنی خیل |
| 25780 | گورمنٹ مکتب پرائمری سکول میر مست مجوالا |
| 25323 | گورنمنٹ پرائمری سکول احمد خیل نمبر 1 |
| 25345 | گورنمنٹ پرائمری سکول بہادر خان پہاڑی |
| 41683 | گورنمنٹ پرائمری سکول ٹپ تختی خیل |
| 25373 | گورنمنٹ پرائمری سکول دلوخیل نمبر 1 |
| 25617 | گورنمنٹ پرائمری سکول شیخ کریم |
| 25618 | گورنمنٹ پرائمری سکول شیخ لنڈک |
| 25328 | گورنمنٹ پرائمری سکول عالم شاہ خیل نمبر1 بیکو خیل |
| 25396 | گورنمنٹ پرائمری سکول فتح خان خیل |
| 25579 | گورنمنٹ پرائمری سکول قلندر تختی خیل |
| 25399 | گورنمنٹ پرائمری سکول گنڈی خان خیل نمبر 1 |
| 25400 | گورنمنٹ پرائمری سکول گنڈی خان خیل نمبر2 |
| 36885 | گورنمنٹ پرائمری سکول مستی خانی نمبر2 |
| 25542 | گورنمنٹ پرائمری سکول نارسپرلی |
| 25722 | گورنمنٹ پرائمری سکول وانڈا ظریف |
| 25724 | گورنمنٹ پرائمری سکول وانڈا ظریف وال |
| 29123 | گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول اختو جان |
| 25969 | گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول نمبر 1 طورلونگ خیل |
| 25983 | گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول وانڈہ شہاب خیل نمبر 3 |
| 38125 | گورنمنٹ گرلز مڈل سکول جھنگ خیل |
| 25779 | گورنمنٹ مکتب پرائمری سکول خالد لطیف گنڈی |
| 37324 | گورنمنٹ مکتب پرائمری سکول سیاسی خیل چندو خیل |
| 25799 | گورنمنٹ مکتب پرائمری سکول عبدلاقیوم اگری خانزادہ خیل |
| 25768 | گورنمنٹ مکتب پرائمری سکول کوٹکہ جانان لالی |
| 36794 | گورنمنٹ مکتب پرائمری سکول کوٹکہ شاہ زرین مچن خیل |
| 25755 | گورنمنٹ مکتب پرائمری سکول ناجی آباد |
| 25787 | گورنمنٹ مکتب پرائمری سکول ہاتھی خان کلی خان نمبر1 |
| 25673 | گورنمنٹ پرائمری سکول ونڈا بیگو خان |
| 25760 | گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول خان افضل تختی خیل |
| 25880 | گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول کوٹکہ گل اختر |
| 32925 | گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول خواجہ خیل |
| 36802 | گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول فضل رحمان خالی خیل |
| 41793 | گورنمنٹ گرلز مڈل سکول زیرجانو |



| EMIS کوڈ | SCHOOL NAME |
|---|---|
| 25396 | گورنمنٹ پرائمری سکول فتح خانخیل |
| 25503 | گورنمنٹ پرائمری سکول لنگیر خیل پیکہ |
| 25504 | گورنمنٹ پرائمری سکول مدتی نکاہ |
| 25566 | گورنمنٹ پرائمری سکول نذیر ولی |
| 25585 | گورنمنٹ پرائمری سکول صابرشاہ حیدران |
| 25627 | گورنمنٹ پرائمری سکول سوران خان تختی خیل |
| 25641 | گورنمنٹ پرائمری سکول ٹپ تختی خیل نمبر 1 |
| 25642 | گورنمنٹ پرائمری سکول ٹپ تختی خیل نمبر 2 |
| 25749 | گورنمنٹ مکتب پرائمری سکول کوٹکہ اکرم لنڈی میر اسلم |
| 25786 | گورنمنٹ مکتب پرائمری سکول وانڈا شہاب خیل نمبر 2 |
| 25835 | گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول چوہار خیل |
| 25941 | گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول سارا درگاہ |
| 29856 | گورنمنٹ مکتب پرائمری سکول امین ننھی والا |
| 29979 | گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول کٹہ خیل |
| 29991 | گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول تاری خیل |
| 32921 | گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول فیروز سلمان خیل |
| 32927 | گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول احمد زئی ایاز خان قلہ |
| 32932 | گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول امیر ولی |
| 38666 | گورنمنٹ پرائمری سکول ادریس نر ازاد چندوخیل |
| 39531 | گورنمنٹ پرائمری سکول وانڈا شہاب خیل نمبر 5 |
| 41429 | گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول وانڈا اورنگزیب |

| EMIS کوڈ | SCHOOL NAME |
|---|---|
| 25780 | گورمنٹ مکتب پرائمری سکول میرمست منجیوالا |
| 41683 | گورنمنٹ پرائمری سکول ٹپ تختی خیل |
| 25618 | گورنمنٹ پرائمری سکول شیخ لنڈک |
| 25579 | گورنمنٹ پرائمری سکول قلندر تختی خیل |
| 25542 | گورنمنٹ پرائمری سکول نر اسپرلی |
| 25673 | گورنمنٹ پرائمری سکول وانڈا بیگو خیل |
| 29123 | گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول اختوجان بھٹانی |
| 32925 | گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول خواجہ خیل |
| 25880 | گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول کوٹکہ گل اختر |
| 25969 | گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول نمبر1 طوو لونگ خیل |
| 25983 | گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول وانڈا شہاب خیل نمبر3 |
| 41793 | گورنمنٹ گرلز مڈل سکول زیر جانو |
| 25746 | گورنمنٹ مکتب پرائمری سکول آزاد بخت سوراناخان |
| 37324 | گورنمنٹ مکتب پرائمری سکول سپاہی خیل چندوخیل |
| 36794 | گورنمنٹ مکتب پرائمری سکول کوٹکہ شاہ زرین میچن خیل |
| 25755 | گورنمنٹ مکتب پرائمری سکول ناجیہ آباد |
| 32941 | گونمنٹ مکتب پرائمری سکول احمد جان بچگن احمد زئی |
| 25779 | گونمنٹ مکتب پرائمری سکول خالد لطیف گنڈی |
| 25760 | گونمنٹ مکتب پرائمری سکول خان افضل تختی خیل |
| 25767 | گونمنٹ مکتب پرائمری سکول عزیز الرحمان خیرو خیل پکہ |
| 36802 | گونمنٹ مکتب پرائمری سکول فضل الرحمان خالی خیل |
| 25768 | گونمنٹ مکتب پرائمری سکول کوٹکہ جانان لالی |
| 25787 | گونمنٹ مکتب پرائمری سکول ہاتھی خان قوالی خان نمبر1 |
| 11598 | گورنمنٹ پرائمری سکول نرتاج محمد خان |
| 25335 | گورنمنٹ پرائمری سکول ازر خیل ٹپ تختی خیل |
| 25337 | گورنمنٹ پرائمری سکول اسو قلہ |
| 25392 | گورنمنٹ پرائمری سکول ڈھوڈہ نمبر 3 |



| SCHOOL NAME | EMIS کوڈ |
|---|---|
| گورنمنٹ پرائمری سکول وانڈا بیگو خان | 25673 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول اختو خان | 29123 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول خواجہ خیل | 32925 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول کوٹکہ گل اختر | 25880 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول مانڑہ شہاب خیل نمبر 3 | 25983 |
| گورنمنٹ گرلز مڈل سکول زیڑجانو | 41793 |
| گورنمنٹ مکتب پرائمری سکول احمد خان بکھن احمد زئی | 32941 |
| گورنمنٹ مکتب پرائمری سکول اذاد بخت سورانہ سکول خان | 25746 |
| گورنمنٹ مکتب پرائمری سکول سپاہی مندوخیل | 37324 |
| گورنمنٹ مکتب پرائمری سکول صورت خان اماخیل | 25745 |
| گورنمنٹ مکتب پرائمری سکول عبدالقیوم آگرہ خانزاد خیل | 25799 |
| گورنمنٹ مکتب پرائمری سکول فضل رحمان خالی خیل | 36802 |
| گورنمنٹ مکتب پرائمری سکول میر مست منیوالا | 25780 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول سیریٔ نورنگ | 11665 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول بیست خیل | 25348 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول کٹو خیل | 25443 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول وانڈا بانوچی | 25669 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول وانڈا ظریف میچن خیل | 25723 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول یعقوب آباد | 25729 |
| گورنمنٹ مکتب پرائمری سکول عظیم آباد | 25748 |
| گورنمنٹ مکتب پرائمری سکول کوٹکہ اکرم لنڈی میر اسلم | 25749 |
| گورنمنٹ مکتب پرائمری سکول ونڈی شہاب خیل نمبر 2 | 25786 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول منڈی واہ محمد یار | 25892 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول شہاب کیل نمبر 3 | 29914 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول فیروز سلیمان خیل | 32921 |
| گورنمنٹ مڈل سکول نرسورانا | 33860 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول بہادر میراعظم میچن خیل | 36786 |



| EMIS کوڈ | SCHOOL NAME |
|---|---|
| 25331 | گورنمنٹ پرائمری سکول امیر حمزہ تجوری نمبر 6 |
| 25443 | گورنمنٹ پرائمری سکول کٹو خیل |
| 25468 | گورنمنٹ پرائمری سکول کوٹکہ حیات خان سلیمان خیل |
| 25501 | گورنمنٹ پرائمری سکول لنگیر خیل ہاتھی خان |
| 25566 | گورنمنٹ پرائمری سکول نذیر ولی |
| 25596 | گورنمنٹ پرائمری سکول سارگرہ محمد خان |
| 25749 | گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول کوٹکہ اکرم لنڈی میر اسلم |
| 25761 | گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول کوٹکہ اللہ داد دلو خیل |
| 25769 | گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول جلندر شاہ ولی |
| 25776 | گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول موسم آباد غزنی خیل |
| 25786 | گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول وانڈا شہاب خیل نمبر 2 |
| 25892 | گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول لنڈی واہ محمد یار |
| 29856 | گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول امین منجیوالا |
| 32921 | گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول فیروز سیلمان خیل |
| 33843 | گورنمنٹ مڈل سکول وانڈا امیر |
| 33855 | گورنمنٹ مڈل سکول نرسمند ادمزئ |
| 36785 | گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول فاروق آباد |
| 36786 | گورنمنٹ پرائمری سکول بہادر میر اعظم میچ خیل |
| 36797 | گورنمنٹ مڈل خاص سکول سیلمان فارسی |
| 37318 | گورنمنٹ پرائمری سکول وانڈا نصیب اباد |

| EMIS کوڈ | SCHOOL NAME |
|---|---|
| 25542 | گورنمنٹ پرائمری سکول نراسپیرلئ |
| 25673 | گورنمنٹ پرائمری سکول وانڈا بیگو خان |
| 29123 | گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول اختو جان بھٹانی |
| 32925 | گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول خواجہ خیل |
| 25880 | گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول کوٹکہ گل اختر |
| 25969 | گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول نمبر 1 طورلونگ خیل |
| 25983 | گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول وانڈہ شہاب خیل نمبر 3 |
| 41793 | گورنمنٹ گرلز مڈل سکول زیر جانو |
| 32941 | گورنمنٹ مکتب پرائمری سکول احمد جان بچکن احمد زئی |
| 25746 | گورنمنٹ مکتب پرائمری سکول آزاد بخت سورانا خان |
| 25779 | گورنمنٹ مکتب پرائمری سکول خالد لطیف گنڈی |
| 37324 | گورنمنٹ مکتب پرائمری سکول سپاہی خیل چندو خیل |
| 25799 | گورنمنٹ مکتب پرائمری سکول عبدلاقیوم اگری خانزادہ خیل |
| 25767 | گورنمنٹ مکتب پرائمری سکول عزیزالرحمان خیروخیل پکہ |
| 36802 | گورنمنٹ مکتب پرائمری سکول فضل رحمان خالی خیل |
| 25768 | گورنمنٹ مکتب پرائمری سکول کوٹکہ جانان لالی |
| 36794 | گورنمنٹ مکتب پرائمری سکول کوٹکہ شاہ زرین میچن خیل |
| 25780 | گورنمنٹ مکتب پرائمری سکول میرمست منجیوالا |
| 25755 | گورنمنٹ مکتب پرائمری سکول نجیا آباد |
| 25787 | گورنمنٹ مکتب پرائمری سکول ہاتھی خان قوالی خان نمبر1 |
| 25745 | گونمنٹ مکتب پرائمری سکول صورت خان ابان خیل |
| 25317 | گورنمنٹ پرائمری سکول کوٹکہ ابو خان سلیمان خیل |



**Institute of Social and Policy Sciences**
*Informing Policies, Reforming Practices*

انسٹی ٹیوٹ آف سوشل اینڈ پالیسی سائنسز (I-SAPS) ایک قومی اور پالیسی سازی میں معاونت کرنے والا ادارہ ہے جو سماجی، معاشی و قانونی موضوعات پر تحقیق میں سرگرم عمل ہے۔ شعبہء تعلیم I-SAPS کا ایک اہم تحقیقی موضوع ہے۔ I-SAPS نے پاکستان میں وفاقی اور صوبائی سطح پر شعبہء تعلیم کی مختلف جہتوں پر تحقیق کی ہے جن میں تعلیم کیلئے مختص کیے جانے والے بجٹ اور اس کا استعمال، تعلیم کیلئے کی جانے والی قانون سازی، نجی تعلیمی شعبہ کا انتظام وانصرام وغیرہ شامل ہیں۔

ضلع فیصل آباد میں تعلیمی صورتحال میں بہتری لانے کی خاطر انسٹی ٹیوٹ آف سوشل اینڈ پالیسی سائنسز (I-SAPS) علم آئیڈیاز (Ilm Ideas) کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے۔

یہ معلوماتی کتابچہ I-SAPS نے علم آئیڈیاز کی معاونت سے تیار کیا ہے۔ علم آئیڈیاز کا اس کتابچے کے مندرجات سے متفق ہونا ضروری نہیں ہے۔

مزید معلومات کیلئے

www.i-saps.org   info@i-saps.org   051-111-739-739

@I_SAPS   facebook.com/I-SAPS